| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الاخلاص دُرست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام لکھیں۔ طلبہ کو سورۃ الاخلاص کا مختصر تعارف دیں کہ یہ سورت قرآن مجید کے تیسویں پارے میں ہے اس کی چار آیات ہیں۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور تلاوت قرآن مجید کے آداب دہرائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولنے کا کہیں۔ سورۃ الاخلاص کا نام پہلے خود پڑھیں، پھر طلبہ کو مل کر سورۃ الاخلاص کا عنوان پڑھنے کے لیے کہیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ سورۃ الاخلاص کی آیات کی تعداد 4 ہے اور یہ قرآن مجید کی 112 نمبر سورت ہے۔
- انھیں بتائیں کہ اخلاص کے لغوی معنی خالص اور پاک صاف ہونے کے ہیں۔ یہ صورت خالص اللہ تعالیٰ کی صفات کے بارے میں ہے۔ اسی لیے اس کا نام سورۃ الاخلاص ہے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سورۃ الاخلاص کی پہلی دو آیات کی تلاوت کرنا سیکھیں گے اور زبانی یاد کریں گے۔
- آیت نمبر 1 اور 2 (قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝١ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝٢) کی پہلے خود تلاوت کریں پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ وہ دُرست تجوید کے ساتھ آیات کی تلاوت کریں اور پڑھتے ہوئے حرکات و اعراب کا بھی خیال رکھیں۔

- سورۃ اخلاص کی پہلی دو آیت کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

سورۃ الاخلاص کی آیت نمبر 1 اور 2 کی زبانی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے پہلی دو آیات سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

سورۃ الاخلاص کی تلاوت گھر میں کسی بڑے کو سنائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

استاد صاحب کی مدد سے سورۃ الاخلاص کی فضیلت کے بارے میں ایک حدیث خوش خط لکھیں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ________ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ________ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الاخلاص دُرست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ فلیش کارڈز

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ سورۃ اخلاص میں اللہ تعالیٰ کی توحید کا تصور پیش کیا گیا ہے۔ جس کے بغیر کوئی عبادت بھی قبول نہیں ہوتی۔

انھیں توحید کا مطلب سمجھائیں کہ اللہ صرف ایک ہے تمام اچھے اور پیارے نام اور کامل و اعلیٰ صفات اسی کے لیے ہیں۔ کوئی بھی کسی بھی لحاظ سے اللہ تعالیٰ کی برابری نہیں کر سکتا۔

**طریقہ تدریس:** 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو کتاب کا صفحہ نمبر 11 کھولنے کی ہدایت دیں اور عنوان پڑھوائیں۔
- انھیں سورۃ الاخلاص کے تصور سے آگاہ کریں اس مقصد کے لیے انھیں بتائیں کہ اللہ ایک ہے۔
- ہم سب کو اللہ تعالیٰ نے پیدا کیا۔ اس پوری کائنات کو پیدا کرنے والا اور پورا انتظام سنبھالنے والا صرف اللہ تعالیٰ ہے۔ کوئی بھی اُس کی برابری نہیں کر سکتا۔
- طلبہ کو سمجھانے کے لیے ان سے سوالات پوچھیں جیسے

الف: جب آپ بیمار ہوتے ہیں تو آپ کو صحت یاب کون کرتا ہے؟

ب: دن، رات، سورج، چاند، ستارے کس نے پیدا کیے؟

- طلبہ کو چند پھولوں اور پتوں کے فلیش کارڈز دکھائیں اور پوچھیں کہ کیا آپ ایسے پھول اور پتے اور پھل بنا سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو انھیں کون بناتا ہے؟
- سورۃ الاخلاص کی روشنی میں بتائیں کہ "اللہ ایک ہے وہ بے نیاز ہے نہ وہ کسی کا باپ ہے اور نہ کسی کا بیٹا اور کوئی اس کا ہم سر نہیں"۔
- اس کے بعد طلبہ کو سورۃ الاخلاص کی آیت نمبر 3 ( لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ ) کی تلاوت کروائیں۔ لفظوں کی ادائی پر زور دیں۔
- طلبہ کو آیت نمبر 1 تا 3 کی تین سے پانچ بار مشق کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

| اعادہ: | 2منٹ |
|---|---|

سورۃ اخلاص کی پہلی تین آیات دہرائیں۔

| جائزہ: | 6منٹ |
|---|---|

طلبہ سے پہلی تین آیات زبانی سنیں اور توحید کا مطلب بھی پوچھیں۔

| گھر کا کام: | 2منٹ |
|---|---|

گھر میں کسی بڑے کی مدد سے سورۃ الاخلاص کا ترجمہ لکھیں۔

| سرگرمی برائے طلبہ: | 5منٹ |
|---|---|

اساتذہ کرام کی مدد سے درج ذیل جواب لکھیں۔

الف: اخلاص کے کیا معنی ہیں؟

______________________________

ب: سورۃ الاخلاص میں کس چیز کا ذکر ہے؟

______________________________

| دوسری سہ ماہی | جماعت: اوّل | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| بابِ اوّل: قرآن مجید و حدیث نبوی صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حِفظِ قرآن مجید (سورۃ الاخلاص) |
|---|---|

## حاصلاتِ تعلّم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- سورۃ الاخلاص دُرست تلفّظ کے ساتھ حفظ کر سکیں۔
- سورت کو حفظ کر کے تجوید کے ساتھ نماز میں اور نماز کے علاوہ زبانی تلاوت کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سورۃ الاخلاص کا نام لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کہ سورۃ الاخلاص کو سورۃ التوحید بھی کہتے ہیں۔ اس سورت میں یہ بتایا گیا ہے کہ اللہ وہ ہے جو ہر اعتبار سے واحد لاشریک ہے وہ حاکم مطلق ہے الصمد اسی ذات ہے جو خود تو مستقل ہو اور کسی کی محتاج نہ ہو مگر دوسری سب مخلوق اس کی محتاج ہو۔

## طریقہ تدریس: 20 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ کو قرآن مجید کا مختصر تعارف دیں اور سورۃ الاخلاص کی فضیلت بتائیں کہ
- حدیث مبارکہ کے مطابق اس سورت کا ثواب ایک تہائی قرآن مجید کی تلاوت کے برابر ہے۔

رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی اس سے بھی عاجز ہے کہ ایک رات میں تہائی قرآن مجید پڑھ لیا کرے؟ صحابہ کرام رضوان اللہ اجمعین نے عرض کیا کہ ایک رات میں تہائی قرآن مجید کیسے پڑھا جا سکتا ہے۔ تو رسول اللہ خَاتَمُ النَّبِيِّين صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ نے فرمایا کہ قل ھو اللہ احد (پوری) ایک تہائی قرآن مجید کے برابر ہے (تو جس نے رات میں وہی پڑھی اس نے گویا تہائی قرآن مجید پڑھ لیا)۔ (صحیح مسلم)

- اس کے بعد طلبہ سے سورۃ الاخلاص کی پہلی تین آیات زبانی سنیں۔ کمزور طلبہ پر خاص توجہ دیں اور غلطی کی صورت میں ان کی دو سے تین بار پڑھائی کروائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم سورۃ الاخلاص کی آخری آیت یاد کریں گے۔

- پہلے خود آیت (وَلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝ ۴) تلاوت کریں پھر طلبہ کو ہدایت دیں کہ پوری سورت کی تلاوت کریں اعراب اور حرکات کا خیال رکھیں۔
- آخری آیت کی مشق کروائیں اور زبانی یاد کروائیں۔

**اعادہ:** 2منٹ

مکمل سورۃ الاخلاص کی دہرائی کروائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

طلبہ سے سورۃ الاخلاص سنیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

درج ذیل سوالات کے جواب لکھیں۔

الف: اللہ تعالیٰ کون ہے؟

ب: کیا اللہ تعالیٰ بے نیاز ہے؟

ج: اس کائنات کا پورا انتظام سنبھالنے والی ذات کون ہے؟

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

طلبہ کو درج ذیل تصویری فلیش کارڈز دکھائیں اور ان سے پوچھیں کہ کیا وہ یہ پھول، پودے، درخت، جانور، پرندے بنا سکتے ہیں؟ اگر نہیں تو انھیں کون بنا سکتا ہے؟





